سوال

(427) جو جنت البقیع میں دفن ہو، اس کی کیا فضیلت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو جنت البقیع میں دفن ہو، اس کی کیا فضیلت ہے، کیا وہ جنتی ہے؟ (محمد افراہیم)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جو فضیلت بھی ہو، وہ اہل ایمان کے ساتھ ہی مخصوص ہے، ورنہ اہل نفاق اور اہل کفر بھی تو مقبرۃ البقیع میں مدفون ہیں۔ پھر مقبرۃ البقیع کا نام جنت البقیع کسی حدیث یا کسی آیت میں وارد نہیں ہوا۔ [''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مدینہ منورہ میں فوت ہو گا میں اس کی شفاعت کروں گا۔'']1 ۱۳ ۱۰ ۱۴۲۱ھ

1 ترمذی ابواب المناقب باب ماجاء فی فضل المدینة۔ ابن ماجه کتاب المناسک باب فضل المدینة

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 357

محدث فتویٰ